https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta کوئٹہ

بلوچستان آبزرور

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 28 اگست 2026ء | 14 ربیع الاوّل 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 139

بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور عوامی خوشحالی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، سرفراز بگٹی

بلوچستان کے امن، ترقی اور عوامی خوشحالی کیلئے وفاقی و صوبائی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کا سلسلہ مزید مضبوط بنایا جائے گا

عوامی مفاد کے منصوبوں پر عملدرآمد میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرنا ہوگا، وزیراعلیٰ کی زیر صدارت امن و امان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28واں دفاعی و جائزہ اجلاس

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کی مجموعی صورتحال، امن و امان، ترقیاتی عمل اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق 28واں دفاعی و جائزہ اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر کوئٹہ نے کی اجلاس میں صوبے کی مجموعی صورتحال، امن و استحکام، ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت، عوامی فلاح و بہبود اور مختلف وفاقی وصوبائی اداروں کے درمیان مربوط اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان کے درخشاں مستقبل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا اجلاس میں صوبائی و وفاقی اداروں اور سیکیورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں کو مزید مؤثر بنانے، باہمی رابطہ اور تعاون کو بہتر بنانے سمیت صوبے کے وسیع تر (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان امریکہ کا سرکاری دورہ مکمل کرکے وطن واپس پہنچ گئے

صوبے کے نوجوان بھی عالمی ترقی، ٹیکنالوجی اور جدت کے سفر میں اپنا مؤثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل امریکہ کا کامیاب سرکاری دورہ مکمل کرکے وطن واپس پہنچ چکے ہیں۔ دورہ امریکہ کے دوران گورنر بلوچستان نے اقوام (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

وزیرِ اعظم شہباز شریف سے سعودی سفیر نواف بن سعید کی الوداعی ملاقات

سفارتی ذمے داریاں کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارک باد، خطے میں امن واستحکام کیلئے سعودی عرب کے اہم کردار کی بھی تعریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید نے الوداعی ملاقات کی ہے۔ وزیرِ اعظم نے سعودی سفیر کو ان کی سفارتی ذمے داریاں کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارک باد دی اور پاک سعودی تعلقات کے مزید (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

پمز میں آگ سے بچاؤ اور انسانی جانوں کے تحفظ کے انتظامات ناکافی تھے، فائر بریگیڈ کی رپورٹ میں انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) پمز ہسپتال میں آگ لگنے سے نومولود بچوں کی اموات کے واقعے سے متعلق سی ڈی اے (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں ایک ماہ قبل بھی آتشزدگی کا واقعہ پیش آنے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں ایک ماہ قبل بھی آتشزدگی کا واقعہ پیش آنے کا انکشاف سامنے آیا ہے۔

وزیرِ اعظم شہباز شریف سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید ملاقات کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تیسرا اجلاس

کمپنی کے امور کو پیشہ ورانہ بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تیسرا اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ڈائریکٹر ایوی ایشن کیپٹن علی آزاد اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے امور، کارکردگی اور (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

بلوچستان حکومت کا انتہائی مطلوب دہشتگرد خواتین کی گرفتاری کیلئے نقد انعام کا اعلان

حکومت بلوچستان نے مطلوب خواتین دہشت گردوں کی تصاویر اور تفصیلات جاری کردیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے انتہائی مطلوب دہشت گرد خواتین کی گرفتاری میں مدد دینے والوں کیلئے نقد انعام کا اعلان کردیا۔ حکومت بلوچستان نے مطلوب خواتین دہشت گردوں کی تصاویر اور تفصیلات جاری کردیں مطلوب خواتین کا تعلق گوادر، پنجگور اور تربت کے مختلف علاقوں سے ہے، مطلوب خواتین کی گرفتاری سے متعلق قابلِ اعتماد اطلاع دینے والوں کو 10 سے 15 لاکھ روپے تک انعام دیا جائے گا۔ حکومت بلوچستان نے کہا ہے کہ شہری مطلوب (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

دکی میں کوئلہ کان کے اندر گیس بھرنے سے تین کان کن جاں بحق

جاں بحق کان کنوں کی لاشیں سول اسپتال دکی منتقل کردی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) دکی میں کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے تین کان کن جاں بحق ہوگئے۔ جاں بحق کان کنوں کی لاشیں سول اسپتال دکی منتقل کردی گئیں۔ جاں بحق کان کنوں کی شناخت عیسیٰ خان ولد پائے محمد قوم (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

طاقتور حکمران اصل مسائل کے حل کی بجائے زور زبردستی چلانا چاہتے ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

حکمران تکبر، غرور اور گھمنڈ میں برسر پیکار رہ کر ہر چیز کو زور زبردستی حاصل کرنا چاہتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر حق دو تحریک کے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بد امنی، دہشت گردی، بے روزگاری، بارڈر کی بندش اور حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی کی مد میں ڈاکہ زنی کے خلاف 29 اگست کی سہ پہر 3 بجے گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سامنے دھرنا دیں گے جو جماعت کے مرکزی (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

پاکستان افغانستان کے ساتھ ریاستی سطح پر مذاکرات کیلئے تیار ہے، دفتر خارجہ

پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان اختلافات کم کرنے کیلئے مخلصانہ اور تعمیری کردار ادا کرتا رہا ہے، فیلڈ مارشل کا دورہ ایران ٹرمپ یا امریکی نمائندے کی حیثیت سے نہیں تھا

پاکستان افغانستان کے ساتھ ریاستی سطح پر مذاکرات کیلئے تیار ہے، افغانستان کو یقینی بنانا ہوگا کہ اس کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کیلئے استعمال نہ ہو، ترجمان طاہر حسین اندرابی کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ آرمی چیف کا دورہ ایران صدر ڈونلڈ ٹرمپ یا امریکا کے نمائندے کی حیثیت سے نہیں تھا، پاکستان خطے میں کشیدگی کے خاتمے اور مشرق وسطیٰ کے بحران کے حل کیلئے برادر ممالک سے مسلسل رابطوں میں ہے، پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان اختلافات کم کرنے کیلئے مخلصانہ اور تعمیری کردار ادا کرتا رہا ہے اور تنازع کے پرامن حل اور خطے میں پائیدار امن کیلئے سفارتی کوششیں جاری رکھے گا، وزیر اعظم آئندہ بشکیک میں ہونے والی ایس سی او کانفرنس میں شرکت کریں گے، پاکستان کی چیئرمین شپ کا اہم سنگِ میل 2027 میں اسلام آباد میں ایس سی او سربراہ اجلاس کا انعقاد ہوگا، مکہ دفاعی معاہدہ خطے میں امن کے تحفظ اور علاقائی استحکام کے فروغ کا دفاعی فریم ورک ہے، پاکستان افغانستان کے ساتھ ریاستی سطح پر مذاکرات کیلئے تیار ہے، افغانستان کو یقینی بنانا ہوگا کہ اس (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

میزئی اڈے نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) میزئی اڈے کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق میزئی اڈے کے قریب چرمسے زئی میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص انعام اللہ ولد امین اللہ کو زخمی کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی 28ویں دفاعی جائزہ اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

زیارت دہشتگرد حملے کی تحقیقات کیلئے قائم کمیشن آف انکوائری کی کھلی عدالت میں سماعت

سماعت کے دوران آئی جی پولیس نے شہداء کے لواحقین اور قانونی ورثاء کیلئے منظور شدہ شہداء پیکج کے تحت کیے گئے اقدامات کی تفصیلات بھی پیش کیں

پولیس ایک نہایت اہم ریاستی ادارہ ہے جس کی بنیادی ذمہ داری بلاخوف وخطر، بہادری اور جانفشانی کے ساتھ عوام کے جان و مال کا تحفظ کرنا ہے، کمیشن

کوئٹہ (خ ن) منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنیوالے دہشت گرد حملے کی تحقیقات کیلئے قائم کمیشن آف انکوائری جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج کھلی عدالت میں سماعت کی۔ سماعت میں ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان عبدالطیف کاکڑ، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل خلیل الرحمان، اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل سلطان بڑیچ، ایڈیشنل اٹارنی جنرل محمد فرید ڈوگر، ڈپٹی اٹارنی جنرل انور نسیم کاسی، پراسیکیوٹر جنرل (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

آتشزدگی کا المناک واقعہ انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا ہے، میر ظہور بلیدی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے اسلام آباد کے پمز ہسپتال کی نرسری میں پیش آنے والے دلخراش آتشزدگی کے واقعے میں 14 نومولود بچوں کے جاں (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

بی آر اے نے ریکروٹنگ ایجنسٹس کی سروسز پر بلوچستان سیلز ٹیکس کی شرح 5 فیصد مقرر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ٹیلس شیڈول کے مطابق ریکروٹنگ ایجنسٹس کی جانب سے بیرونِ ملک ملازمت کیلئے افراد یا افراد کے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد؛ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے بجلی کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش ناکام بنادی

بروقت اطلاع ملنے پر موقع پر 3 کلوگرام وزنی دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنا کر قبضے میں لے لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے میں پولیس اور سیکورٹی فورسز نے بجلی کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش ناکام بنادی۔ پولیس کے مطابق (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

بہتر سڑکوں کا انفراسٹرکچر علاقے کی ترقی کیلئے بنیادی اہمیت کا حامل ہے، شعیب نوشیروانی

خاران کے مختلف دیہاتوں اور دیہی علاقوں کو بلیک ٹاپ سڑکوں سے منسلک کرنا ان کا دیرینہ وژن ہے

خاران کے مختلف دیہاتوں کیلئے سڑکوں کی تعمیر کے متعدد منصوبے منظور کیے گئے ہیں، صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب جان نوشیروانی نے کہا ہے کہ خاران کے مختلف دیہاتوں اور دیہی علاقوں کو بلیک ٹاپ سڑکوں سے منسلک کرنا ان کا دیرینہ وژن ہے۔ خاران کے مختلف دیہاتوں کیلئے سڑکوں کی تعمیر کے متعدد منصوبے منظور کیے گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ خاران کے عوام نے ہمیشہ ہمارا ساتھ دیا ہے۔ ان کے ساتھ ہمارا رشتہ محض سیاسی نہیں بلکہ شفقت، اعتماد، خدمت اور (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تیسرے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نجی و سرکاری اسپتالوں اور طبی مراکز میں فائر سیفٹی، ہنگامی تیاری اور انخلا کے تقاضے لازمی قرار

تقاضوں پر عملدرآمد نہ کرنے والے طبی مراکز لائسنس کے حصول کیلئے نااہل قرار دیے جاسکتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے تمام نجی و سرکاری اسپتالوں اور طبی مراکز میں فائر سیفٹی، ہنگامی تیاری اور انخلا کے تقاضے لازمی قرار دے دیے۔ کمیشن (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

سوئی سدرن کیلئے جامع حکمت عملی اور پائیدار کاروباری ماڈل تیار کیا جائے، علی پرویز ملک

کمزور طبقات کو ہدفی سماجی تحفظ کے پروگراموں کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جائے

کے الیکٹرک، صنعتی صارفین اور فرٹیلائزر پلانٹس کیلئے گیس کی لوڈشیڈنگ نہیں کی جارہی، وفاقی وزیر پٹرولیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (ایس ایس جی سی ایل) کے بورڈ کو ہدایت کی ہے کہ کمپنی کو مالی طور پر مستحکم اور قابل عمل ادارہ بنانے کیلئے ایک جامع حکمت عملی اور پائیدار کاروباری ماڈل تیار کیا جائے جس میں بالخصوص یو ایف جی پر قابو پانے پر توجہ دی جائے، عوامی خدمت کو اولین ترجیح حاصل ہو۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق وفاقی وزیر نے کراچی میں ایس (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کے سرکاری اسپتالوں میں ایک ہفتہ میں آگ بجھانے والے جدید آلات کی تنصیب کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) اسلام آباد کے پمز کی نرسری میں آتشزدگی کے واقعہ کے بعد بلوچستان میں بھی محکمہ صحت کا عملہ جاگ گیا، وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

پارلیمنٹ عوام کی امنگوں کی ترجمان اور قومی مسائل کے حل کا اہم فورم ہے، سیدال خان

تمام سیاسی قوتوں کے درمیان مکالمہ جمہوری نظام کے استحکام کیلئے ضروری ہے، قائمقام چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) قائمقام چیئرمین | سینیٹ سیدال خان (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

آسیاد گروپ پاکستان میں سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کا خواہاں ہے، خرم شہزاد

گروپ توانائی کے شعبے کے علاوہ ہوابازی اور مالیاتی شعبوں میں بھی سرمایہ کاری کے نئے مواقع کا جائزہ لے رہا ہے

آسیاد گروپ کا پاکستان میں سرمایہ کاری بڑھانے کا اعلان ملکی معاشی صلاحیت پر اعتماد کا اظہار ہے، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے سرمایہ کار گروپ آسیاد گروپ کی جانب سے پاکستان میں اپنی سرمایہ کاری کے دائرہ کار میں وسعت کا اعلان ملک کی معاشی صلاحیت اور طویل المدتی سرمایہ کاری کے امکانات پر بھرپور اعتماد کا اعادہ ہے۔ جمعرات کو سماجی رابطہ کی ویب سائیٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آسیاد گروپ اپنی ذیلی کمپنی وافی انرجی پاکستان (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

جمعیت نے کبھی اپنے اصولوں اور عوامی مفادات پر سمجھوتہ نہیں کیا، عبدالواسع

مسلسل غلط پالیسیوں، کمزور حکمرانی اور عوامی مینڈیٹ کو نظرانداز کرنے کا منطقی انجام ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

یونانی پیٹریاٹ ایئر ڈیفنس سسٹم نے سعودی عرب پر ڈرونز کا بڑا حملہ ناکام بنادیا

یونانی فوج کے زیر استعمال پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام نے ڈرونز کو نشانہ بنانے کیلئے تین میزائل فائر کیے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وسیع تر ینبع کے علاقے میں یونانی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کرکے بلدیاتی فنڈز کے اجراء کا مسئلہ حل کیا جائیگا، امیر حمزہ زہری

وارڈز اور یونین کونسلز سے منتخب ہونے والے کونسلرز ہی حقیقی معنوں میں عوام کے نمائندے ہیں

منتخب بلدیاتی نمائندوں کو احتجاج کی نوبت نہیں آئے گی، صوبائی مشیر نوابزادہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے بلوچستان بھر کے ڈسٹرکٹ چیئرمینوں، میئرز، میونسپل کمیٹیوں اور یونین کونسل چیئرمینوں کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور مالی سال 2026-27 کے فنڈز کے فوری اجراء کا مطالبہ کیا۔ بلدیاتی نمائندوں نے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری کو بتایا کہ اگر ستمبر کے پہلے ہفتے تک فنڈز جاری نہ کیے گئے تو بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دینگے اور صوبے کے تمام اضلاع میں بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ جھالاوان ہاؤس میں صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

سردار کوہیار خان ڈومکی کی خصوصی فنڈز سے ہاکی اسٹیڈیم کا کام مکمل

سیوی (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی کی خصوصی فنڈز سے ہاکی اسٹیڈیم (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائی

کمسن مغوی بحفاظت بازیاب

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے کمسن بچے کے اغواء کے ہائی پروفائل کیس کو کامیابی (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری اور رکن اسمبلی اصغر خان ترین ملاقات کررہے ہیں

پنجگور؛ ایک شخص کی لاش برآمد

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے تحصیل پروم میں ایک شخص کی لاش برآمد پولیس کے مطابق جسم پر گولیوں کے نشانات ہیں

سبی میں 14 نومولود بچوں کی ہلاکت نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا، عبدالقادر

واقعے کے بعد ایمرجنسی راستوں اور دروازوں کی صورتحال، راستوں کے محدود ہونے اور عملے کی موجودگی سے متعلق مختلف دعوے سامنے آئے ہیں

یہ محض ایک افسوسناک حادثہ نہیں بلکہ ہسپتال کے حفاظتی نظام، انتظامی نگرانی اور ہنگامی ردعمل پر سنگین سوالیہ نشان ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اسلام آباد کے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کے مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ وارڈ میں آتشزدگی کے نتیجے میں 14 نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ محض ایک افسوسناک حادثہ نہیں بلکہ ہسپتال کے حفاظتی نظام، انتظامی نگرانی اور ہنگامی ردعمل پر سنگین سوالیہ نشان ہے۔ یہاں جاری (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

نیپال، تبت میں سیلاب اور مٹی کے تودوں سے تباہی، 273 ہلاک، 1300 لاپتہ

سیلاب اور مٹی کے ریلوں سے سرحدی علاقوں میں گھروں، سڑکوں، پلوں اور بجلی کے منصوبوں کو شدید نقصان پہنچا، چینی میڈیا

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال کے سرحدی علاقے میں تباہ کن سیلاب اور تبت میں مٹی کے تودے گرنے کے واقعات میں تقریباً 1400 لاپتہ افراد میں سے 100 سے زائد کو تلاش کرلیا گیا ہے۔ نیپالی ضلع راسوا میں سیلابی ریلے سے ہلاکتوں کی تعداد 270 ہوگئی ہے، سیکڑوں لاپتہ افراد کی تلاش جاری ہے جبکہ 100 بھارتی اور 25 چینی شہریوں کو تلاش کرلیا گیا ہے۔ نیپال ٹورازم بورڈ کے مطابق لاپتہ افراد میں 33 ممالک کے 517 غیر ملکی شہری بھی شامل ہیں

بلوچستان میں حالات تیزی سے ابتری کی طرف جارہے ہیں

بلوچستان میں حالات تیزی سے ابتری کی طرف جارہے ہیں، سیاست آزاد نہیں، عدلیہ آزاد نہیں اور صحافت بھی آزاد نہیں

موجودہ حالات انتہائی نازک اور گھمبیر ہوچکے ہیں، شاہراہیں بند، سڑکیں غیر محفوظ، بھتہ خوری کا سلسلہ جاری اور مجموعی طور پر جنگی کیفیت ہے، مرکزی صدر نیشنل پارٹی

تربت (یلان زامرانی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالات تیزی سے ابتری کی طرف جارہے ہیں، سیاست آزاد نہیں، عدلیہ آزاد نہیں اور صحافت بھی آزاد نہیں، تاہم ان تمام مشکلات کے باوجود ہمیں راستہ نکالنا ہوگا۔ انہوں نے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

ناقص خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں بلاتعطل جاری

حرمزئی پشین میں 23 مراکز کی چیکنگ کے دوران ایکسپائرڈ اشیاء کی فروخت اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 4 یونٹس جرمانہ کیے گئے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی ہدایات پر ناقص خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کوئٹہ، حب، حرمزئی پشین اور کوہلو سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 20 خوراک کے مراکز و یونٹس پر جرمانے عائد، متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز جبکہ ایک غیر معیاری مصالحہ جات بنانے والے یونٹ کو سیل کردیا۔

کوئٹہ، صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے بلوچستان بھر کے ڈسٹرکٹ چیئرمین، میئرز، میونسپل کمیٹیوں اور یونین کونسل کے چیئرمینوں کا وفد ملاقات کررہا ہے

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے سعودی عرب کی دلچسپی

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے سعودی عرب کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان جی ٹو جی اور بی ٹو بی مشترکہ تعاون کیلئے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے، پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی مفاد پر مبنی سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ملاقات کے دوران وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کیلئے اپنی جانب سے دلی احترام اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے دونوں برادر ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے مختلف امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے وژن کے مطابق پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی مفاد پر مبنی سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے اس حوالے سے وزیراعظم نے شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کے پاکستان کے سابقہ دوروں کا بھی ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کا موجودہ دورہ گزشتہ بات چیت کو آگے بڑھانے اور مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کی راہ ہموار کرے گا۔شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے زراعت، بندرگاہوں، شاہراہوں، ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ، ریئل اسٹیٹ، توانائی، بجلی کی تقسیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ان ترجیحی شعبوں میں سعودی سرمایہ کاری کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ تعاون، خواہ حکومت سے حکومت (جی ٹو جی) ہو یا کاروبار سے کاروبار (بی ٹو بی) کیلئے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے۔ شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کے ساتھ کاروباری روابط کو مزید گہرا کرنے میں سعودی حکومت اور سعودی کاروباری برادری کی مسلسل دلچسپی کا اعادہ کیا۔

بلوا کا نومی پاکستان کے معاشی استحکام کی نئی امید

بلوا کا نومی ایکسویں صدی کا ایک اہم عالمی معاشی تصور بن چکی ہے جس سے مراد سمندری وسائل کو پائیدار بنیادوں پر استعمال کرتے ہوئے اقتصادی ترقی، روزگار کے مواقع، انسانی فلاح اور ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانا ہیں۔ دنیا کے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک سمندری تجارت، ماہی گیری، ساحلی سیاحت، بندرگاہوں، سمندری توانائی، بحری نقل وحمل اور بحری حیاتیاتی وسائل کو اپنی معیشت کی مضبوطی کا ذریعہ بنا رہے ہیں۔ پاکستان کے لیے بھی بلوا کا نومی ایک غیر معمولی موقع فراہم کرتی ہے جس کے ذریعے وہ اپنی معاشی ترقی کو تیز، علاقائی روابط کو مضبوط اور عالمی سطح پر اپنی اسٹریٹیجک اہمیت کو بڑھا سکتی ہے۔ پاکستان جغرافیائی اعتبار سے ایک نہایت اہم مقام پر واقع ہے۔ بحیرہ عرب کے ساتھ تقریباً ایک ہزار پچاس کلومیٹر طویل ساحلی پٹی اور دو لاکھ چالیس ہزار مربع کلومیٹر سے زائد خصوصی اقتصادی سمندری حدود پاکستان کو وسیع سمندری وسائل تک رسائی فراہم کرتی ہیں۔ کراچی پورٹ، پورٹ قاسم اور گوادر پورٹ جیسے اہم بندرگاہی مراکز پاکستان کی تجارتی شہ رگ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ پاکستان کی سمندری پوزیشن عالمی تجارتی بحری راستوں کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے اسے بین الاقوامی تجارت، توانائی کی ترسیل اور علاقائی رابطوں میں ایک کلیدی کردار ادا کرنے کا موقع دیتی ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان نے اپنی سمندری صلاحیتوں سے مکمل فائدہ نہیں اٹھایا۔ ملکی معیشت میں بحری شعبے کا حصہ اب بھی بہت کم ہے جبکہ دنیا کے کئی ممالک اپنی سمندری معیشت سے اربوں ڈالر کما رہے ہیں۔ کمزور انفراسٹرکچر، محدود سرمایہ کاری، ناقص پالیسی سازی، ماحولیاتی آلودگی، غیر قانونی ماہی گیری اور بحری شعور کی کمی جیسے مسائل بلو اکانومی کی ترقی میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ اگر پاکستان مؤثر منصوبہ بندی، جدید انفراسٹرکچر، علاقائی تعاون اور پائیدار سمندری وسائل کے استعمال پر توجہ دے تو وہ اپنی سمندری معیشت کو قومی ترقی کا اہم ستون بنا سکتا ہے۔ بلوا کانومی صرف سمندری وسائل کے استعمال کا نام نہیں بلکہ ان وسائل کو اس انداز سے بروئے کار لانے کا تصور ہے جس سے معیشت بھی مضبوط ہو اور سمندری ماحول بھی محفوظ رہے۔ اس میں بحری تجارت، شپنگ، ماہی گیری، ساحلی سیاحت، بندرگاہی نظام، آف شور توانائی، جہاز سازی، سمندری تحقیق، بحری حیاتیات اور ماحولیاتی تحفظ جیسے متعدد شعبے شامل ہیں۔ آج دنیا کی تقریباً نوے فیصد تجارت سمندری راستوں کے ذریعے انجام پاتی ہے جس سے سمندروں اور بندرگاہوں کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ چین، سنگاپور، ناروے اور متحدہ عرب امارات جیسے ممالک نے اپنی سمندری معیشت کو قومی خوشحالی کا بنیادی ذریعہ بنا لیا ہے۔ پاکستان کی جغرافیائی حیثیت اسے جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور بحر ہند کے درمیان ایک قدرتی تجارتی پل بناتی ہے۔ پاکستان کی ساحلی پٹی معدنیات، ماہی گیری، سیاحت، صنعتی زونز اور توانائی کے منصوبوں کے لیے بے پناہ امکانات رکھتی ہے۔ پاکستان کی خصوصی اقتصادی سمندری حدود میں مچھلیوں، معدنیات اور ممکنہ تیل وگیس کے ذخائر موجود ہیں۔ اقوام متحدہ کی جانب سے پاکستان کے سمندری حدود میں توسیع نے اس کی بحری اہمیت میں مزید اضافہ کیا ہے۔ گوادر پورٹ پاکستان کی بلو اکانومی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری کے تحت گوادر پورٹ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے ایک اہم تجارتی اور اسٹریٹیجک مرکز بن سکتی ہے۔ گوادر کی جغرافیائی اہمیت اس لیے بھی زیادہ ہے کہ یہ آبنائے ہرمز کے قریب واقع ہے جہاں سے دنیا کی بڑی مقدار میں تیل کی ترسیل ہوتی ہے۔ اگر گوادر کو جدید تقاضوں کے مطابق ترقی دی جائے تو یہ وسطی ایشیا، چین، افغانستان براستہ چمن و طورخم اور مشرق وسطیٰ کے درمیان تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بن سکتی ہے۔ پاکستان کی معیشت بڑی حد تک سمندری تجارت پر انحصار کرتی ہے کیونکہ ملکی درآمدات و برآمدات کا بیشتر حصہ بحری راستوں کے ذریعے ہوتا ہے۔ کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم اس وقت تجارت کا بنیادی ذریعہ ہیں جبکہ گوادر مستقبل کی بندرگاہ کے طور پر ابھر رہا ہے۔ جدید بندرگاہی نظام، ڈیجیٹل لاجسٹکس، جدید کسٹمز سسٹم اور صنعتی زونز پاکستان کی تجارتی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کر سکتے ہیں۔ ماہی گیری پاکستان کی بلو اکانومی کا ایک اہم شعبہ ہے۔ پاکستان کے ساحلی علاقوں میں جھینگا، ٹونا، لوبسٹر، کیکڑا اور دیگر قیمتی سمندری حیات وافر مقدار میں پائی جاتی ہے۔ یہ شعبہ لاکھوں افراد کے روزگار اور غذائی ضروریات سے وابستہ ہے۔ تاہم جدید ٹیکنالوجی کی کمی، ناقص کولڈ اسٹوریج، غیر قانونی ماہی گیری اور کمزور پراسیسنگ انڈسٹری اس شعبے کی ترقی میں رکاوٹ ہیں۔ اگر جدید فشریز سسٹم، کولڈ اسٹوریج، ایکوا کلچر اور برآمدی معیار کی پروسیسنگ سہولیات قائم کی جائیں تو پاکستان اربوں ڈالر کا زرمبادلہ کما سکتا ہے۔ ساحلی اور سمندری سیاحت بھی پاکستان کے لیے ایک بڑی معاشی قوت بن سکتی ہے۔ گوادر، کنڈ ملیر، اورماڑہ، استولا جزیرہ اور ہنگول نیشنل پارک جیسے مقامات قدرتی حسن سے مالا مال ہیں۔ اگر ان علاقوں میں ہوٹل، ریزورٹس، ٹرانسپورٹ، تفریحی سہولیات اور ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات کیے جائیں تو پاکستان عالمی سیاحتی نقشے پر نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے۔ سیاحت سے نہ صرف مقامی آبادی کو روزگار ملے گا بلکہ ملکی معیشت کو بھی فائدہ ہوگا۔ پاکستان کو توانائی کے بحران کا سامنا ہے اور آف شور توانائی کے ذخائر اس مسئلے کے حل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ بحیرہ عرب میں ممکنہ تیل اور گیس کے ذخائر کے علاوہ سمندری ہوا اور لہروں سے توانائی پیدا کرنے کے مواقع بھی موجود ہیں۔ قابل تجدید سمندری توانائی کے منصوبے پاکستان کو سستی اور ماحول دوست توانائی فراہم کر سکتے ہیں۔ جہاز سازی اور شپ ریپئرنگ کی صنعت بھی پاکستان میں ترقی کی بڑی صلاحیت رکھتی ہے۔ کراچی شپ یارڈ کو جدید خطوط پر استوار کر کے پاکستان نہ صرف اپنی بحری ضروریات پوری کر سکتا ہے بلکہ دیگر ممالک کو بھی خدمات فراہم کر سکتا ہے۔ اس صنعت کی ترقی سے ہزاروں ہنرمند افراد کو روزگار حاصل ہوگا۔ پاکستان کی بلو اکانومی بے شمار مواقع فراہم کرتی ہے لیکن کئی چیلنجز بھی اس کی راہ میں حائل ہیں۔ سب سے بڑا مسئلہ مؤثر بحری حکمرانی کا فقدان ہے۔ مختلف ادارے ایک دوسرے سے ہم آہنگی کے بغیر کام کرتے ہیں جس سے پالیسی سازی متاثر ہوتی ہے۔ پاکستان کو ایک جامع قومی بحری پالیسی کی ضرورت ہے جو تمام متعلقہ اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرے۔ ماحولیاتی آلودگی بھی ایک سنگین مسئلہ ہے۔ صنعتی فضلہ، پلاسٹک، آئل اسپل اور دیگر آلودگیاں سمندری ماحول اور حیاتیاتی تنوع کو نقصان پہنچا رہی ہیں گزشتہ تین ماہ سے پہلے میں کراچی گیا تھا وہاں جب کلفٹن اور منوڑہ بیچ دیکھنے لگا وہاں لوگ پالتو فضلات پھینکتے ہوئے دیکھا تو بہت افسوس ہوئی۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، سمندر کی سطح میں اضافہ اور ساحلی کٹاؤ بھی خطرناک صورتحال پیدا کر رہے ہیں۔ اس لیے پائیدار ترقی کے لیے ماحولیاتی تحفظ ناگزیر ہے۔ غیر قانونی ماہی گیری پاکستان کی معیشت کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ غیر ملکی ٹرالرز پاکستان کے سمندری وسائل کو لوٹ رہے ہیں جبکہ نگرانی کا نظام کمزور ہے۔ پاکستان کو بحری نگرانی، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور کوسٹ گارڈز کو مضبوط بنانا ہوگا انفراسٹرکچر کی کمی بھی ترقی کی رفتار کو متاثر کرتی ہے۔ بندرگاہوں، سڑکوں، لاجسٹکس اور صنعتی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح پاکستان میں ماہر بحری افرادی قوت کی بھی کمی ہے۔ میری ٹائم یونیورسٹیز، تحقیقی اداروں اور ٹریننگ سینٹرز کو فروغ دے کر نوجوانوں کو جدید بحری علوم سے آراستہ کرنا ہوگا۔ پاکستان کی بلو اکانومی علاقائی روابط سے بھی گہرا تعلق رکھتی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری نے پاکستان کی جغرافیائی اہمیت میں کئی گنا اضافہ کیا ہے۔ گوادر پورٹ چین، وسطی ایشیا اور افغانستان کو بحیرہ عرب تک مختصر راستہ فراہم کر سکتی ہے۔ اس سے علاقائی تجارت، صنعتی تعاون اور اقتصادی سفارت کاری کو فروغ ملے گا۔ بحر ہند اس وقت عالمی طاقتوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ پاکستان اپنی بحری پوزیشن کی وجہ سے اس خطے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ مضبوط بحری قوت، مؤثر سفارت کاری اور علاقائی تعاون پاکستان کی اسٹریٹیجک اہمیت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ پاکستان کو اپنی بلو اکانومی کو کامیاب بنانے کے لیے جامع اصلاحات کی ضرورت ہے۔ حکومت کو ایک مربوط قومی بلو اکانومی پالیسی تشکیل دینی چاہیے جس میں پائیدار ترقی، سرمایہ کاری، ماحولیاتی تحفظ اور ادارہ جاتی ہم آہنگی کو ترجیح دی جائے۔ جدید بندرگاہیں، لاجسٹکس نیٹ ورک، صنعتی زونز اور ٹرانسپورٹ نظام معیشت کو نئی سمت دے سکتے ہیں۔ ماہی گیری کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی، ایکوا کلچر اور برآمدی سہولیات کو فروغ دینا چاہیے۔ سمندری تعلیم اور تحقیق کے اداروں کو مضبوط بنا کر نوجوانوں کو بحری شعبے میں مہارت فراہم کی جا سکتی ہے۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا اور خصوصی اقتصادی زونز قائم کرنا بھی ضروری ہے۔ پاکستان نیوی اور دیگر بحری اداروں کو جدید نگرانی کے نظام، ساحلی سیکیورٹی اور سمندری تحفظ پر خصوصی توجہ دینی ہوگی تاکہ بحری راستے محفوظ رہیں اور غیر قانونی سرگرمیوں کا خاتمہ ہو سکے۔ بلوا کانومی پاکستان کیلئے ایک انقلابی معاشی موقع ہے۔ پاکستان کی جغرافیائی اہمیت، وسیع ساحلی پٹی، قدرتی وسائل اور گوادر جیسی بندرگاہیں اسے ایک بڑی بحری معیشت میں تبدیل کر سکتی ہیں۔ تاہم اس خواب کی تعبیر کے لیے مؤثر قیادت، مضبوط پالیسی سازی، جدید انفراسٹرکچر، ماحولیاتی تحفظ اور طویل المدتی منصوبہ بندی ضروری ہے۔ اگر پاکستان اپنی سمندری صلاحیتوں کو درست انداز میں استعمال کرے تو وہ نہ صرف اقتصادی استحکام حاصل کر سکتا ہے بلکہ خطے میں ایک مضبوط تجارتی اور اسٹریٹیجک قوت کے طور پر بھی ابھر سکتا ہے۔ بلوا کانومی روزگار، سرمایہ کاری، تجارت اور قومی خوشحالی کے نئے دروازے کھول سکتی ہے۔ دانشمندانہ حکمت عملی اور مؤثر مکمل درآمد کے ذریعے پاکستان اپنی سمندری معیشت کو قومی ترقی، علاقائی روابط اور پائیدار خوشحالی کا طاقتور ذریعہ بنا سکتا ہے۔

پمز کی نرسری میں آگ: 14 معصوم زندگیوں کا سوال

اسلام آباد جیسے دارالحکومت میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی نرسری میں پیش آنے والے دل دہلا دینے والے آتشزدگی کے واقعے نے پورے ملک کو گہرے صدمے میں مبتلا کر دیا ہے۔ 26 اگست 2026ء کی صبح پیش آنے والے اس سانحے میں 14 نومولود بچے آگ میں جھلس کر جاں بحق ہو گئے، جبکہ ایک بچے کو بچا لیا گیا۔ یہ وہ بچے تھے جو ابھی دنیا کو دیکھنے، ماں کی آغوش میں پلنے اور زندگی کے ابتدائی قدم اٹھانے کے قابل بھی نہیں ہوئے تھے کہ ان کی زندگی کا چراغ اسی جگہ بجھ گیا جہاں انہیں سب سے زیادہ محفوظ ہونا چاہیے تھا۔ اب یہ محض آگ لگنے کا ایک واقعہ نہیں بلکہ اسپتالوں میں فائر سیفٹی، ہنگامی انتظامات، نگرانی اور ذمہ داری کے پورے نظام پر ایک بڑا سوال ہے۔ اگر ملک کے دارالحکومت کے ایک اہم سرکاری اسپتال میں نومولود بچوں کی نرسری بھی ایسے خطرے سے محفوظ نہیں تو پھر عام آدمی اپنے بچے کو کس اعتماد کے ساتھ اسپتال کے حوالے کرے؟

ابتدائی معلومات کے مطابق آگ صبح تقریباً 4:45 بجے پمز کے گائناکالوجی وارڈ کی تیسری منزل پر قائم نرسری میں لگی۔ سرکاری اور میڈیا رپورٹس کے مطابق ایئر کنڈیشنر کے کمپریسر میں دھماکے یا شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگی، جس کے بعد نرسری میں موجود انکیوبیٹرز اور آکسیجن کے سامان کی وجہ سے آگ مزید تیزی سے پھیل گئی۔ آکسیجن خود آگ پیدا نہیں کرتی، لیکن اس کی موجودگی آگ کی شدت کو بہت زیادہ بڑھا سکتی ہے۔ پمز کے ترجمان کے مطابق نرسری میں 15 نومولود بچے موجود تھے، جن میں سے ایک کو ڈاکٹر بچانے

میں کامیاب ہوا، جبکہ 14 بچے موت کا شکار ہو گئے۔ سب سے زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ بچوں کے جسم اس قدر جھلس چکے ہیں کہ ان کی شناخت کیلئے ڈی این اے ٹیسٹ کی ضرورت پیش آ رہی ہے۔ جن ماؤں نے اپنے بچوں کو مہینوں تک اپنے پیٹ میں پال کر دنیا میں لایا، انہیں اب اپنے ہی بچے کی شناخت کیلئے ڈی این اے رپورٹ کا انتظار کرنا پڑے گا۔ یہ ان والدین کیلئے ایسا تکلیف دہ لمحہ ہے جسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔

اسپتال کے باہر جمع والدین اور رشتہ داروں کی آہیں اور چیخیں اس قومی سانحے کی شدت بیان کر رہی تھیں۔ ایک والد نے بتایا کہ اس کا تین دن کا نومولود بچہ جاں بحق ہو گیا ہے، جبکہ دیگر والدین کی آنکھیں اپنے معصوم بچوں کو آخری بار دیکھنے کیلئے منتظر تھیں۔ کسی بھی ماں یا باپ کیلئے اپنے نومولود بچے کی لاش دیکھنے سے بڑا صدمہ شاید ہی کوئی اور ہو۔ واقعے کے بعد فائر بریگیڈ کی چھ گاڑیاں اور چار ایمبولینسیں موقع پر پہنچیں، آگ پر قابو پایا گیا اور کولنگ کا عمل شروع کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق 19 دیگر افراد کو بھی بچایا گیا، جن میں خواتین، بچے اور مرد شامل تھے، جنہیں طبی امداد کیلئے آئی سی یو منتقل کیا گیا۔ امدادی ٹیموں کی کوششوں کے باوجود 14 معصوم زندگیوں کا ضائع ہونا یہ سوال ضرور چھوڑتا ہے کہ اگر ہنگامی حالات سے نمٹنے کیلئے مزید جدید اور مؤثر انتظامات موجود ہوتے تو کیا نقصان کو کم کیا جا سکتا تھا؟ یہ سوال صرف اس واقعے کی تحقیقات کیلئے نہیں بلکہ ملک بھر کے اسپتالوں کے ہنگامی انتظامات کے حوالے سے بھی انتہائی اہم ہے۔

اسپتالوں میں فائر الارم، اسپرنکلر سسٹم، ایمرجنسی ایگزٹ، بجلی کے نظام کا باقاعدہ معائنہ، آکسیجن سسٹم کی حفاظت، تربیت یافتہ عملہ اور باقاعدہ فائر ڈرلز کوئی اضافی سہولت نہیں بلکہ زندگی بچانے کی بنیادی ضروریات ہیں۔ خاص طور پر نومولود بچوں کی نرسری میں خطرہ زیادہ حساس ہوتا ہے، کیونکہ یہ بچے نہ خود چل سکتے ہیں، نہ خطرے سے بچ سکتے ہیں اور نہ ہی ہنگامی صورت حال میں خود کو محفوظ مقام تک پہنچا سکتے ہیں۔ ان کی حفاظت مکمل طور پر اسپتال کے عملے، انتظامیہ اور حفاظتی نظام پر منحصر ہوتی ہے۔ اس لیے کسی بھی نرسری میں بجلی، ایئر کنڈیشننگ، آکسیجن اور طبی آلات کی حفاظت کے حوالے سے معمولی غفلت بھی بڑے سانحے کا سبب بن سکتی ہے۔ پمز جیسے قومی اہمیت کے ادارے میں ایسے حفاظتی انتظامات کی باقاعدہ، آزادانہ اور شفاف نگرانی ناگزیر ہونی چاہیے، کیونکہ اسپتال میں داخل مریض اپنی جان اور اپنے بچوں کی زندگی ادارے کے ذمہ داری پر چھوڑتے ہیں۔

وزیراعظم شہباز شریف نے واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیا ہے، جبکہ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے بھی واقعے کے حوالے سے تفصیلات بیان کی ہیں۔ اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں ایک انکوائری کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے، جو 24 گھنٹوں کے اندر رپورٹ پیش کرے گی۔ اب اصل امتحان اس انکوائری کا ہے۔ کیا یہ صرف ایک رسمی رپورٹ بن کر رہ جائے گی یا واقعے کے ہر پہلو کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جائے گا؟ آگ لگنے کی اصل وجہ، بجلی کے نظام کی حالت، فائر سیفٹی کے انتظامات، ایمرجنسی ایگزٹ، عملے کی موجودگی اور تربیت، فائر بریگیڈ کے رسپانس ٹائم اور نرسری کے حفاظتی پروٹوکول سمیت تمام معاملات کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔ اگر کسی ادارے، افسر یا فرد کی غفلت ثابت ہو تو قانون کے مطابق کارروائی کی جانی چاہیے۔ اسی طرح متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہمدردی، انہیں مکمل معلومات فراہم کرنا اور بچوں کی شناخت اور لاشیں حوالے کرنے کا عمل بھی عزت، احترام اور حساسیت کے ساتھ مکمل کرنا ریاست اور اسپتال انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔

ہمارے ملک میں بڑے حادثات کے بعد انکوائری کمیٹیاں قائم ہوتی ہیں، بیانات جاری کیے جاتے ہیں، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کے اعلانات ہوتے ہیں اور چند دن بعد معاملہ خبروں کی سرخیوں سے غائب ہو جاتا ہے۔ لیکن پمز کا یہ سانحہ ایسی روایت کا شکار نہیں ہونا چاہیے۔ یہ 14 خاندانوں کا ناقابلِ تلافی نقصان ہے، لیکن اس کے ساتھ پورے ملک کے صحت کے نظام کیلئے بھی ایک سخت تنبیہ ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ملک کے تمام سرکاری اور نجی اسپتالوں کا فائر سیفٹی آڈٹ کرایا جائے، خصوصاً نرسری، آئی سی یو، آپریشن تھیٹر اور دیگر حساس شعبوں کو ترجیحی بنیادوں پر جانچا جائے۔ بجلی کی وائرنگ، ایئر کنڈیشننگ سسٹم، آکسیجن لائنوں، فائر الارم، اسپرنکلر اور ایمرجنسی ایگزٹس کی باقاعدگی سے جانچ لازمی بنائی جائے۔ عملے کو فائر ایمرجنسی کے حوالے سے عملی تربیت دی جائے اور باقاعدگی سے فائر ڈرلز کرائی جائیں، تاکہ حقیقی حادثے کے وقت خوف اور افراتفری کے بجائے منظم انداز میں زندگیاں بچائی جا سکیں۔ اسپتالوں کی فائر سیفٹی کو صرف کاغذوں میں مکمل قرار دینے کے بجائے عملی طور پر جانچنا ہوگا۔

آخر میں سوال صرف یہ نہیں کہ پمز میں آگ کیسے لگی؛ اصل سوال یہ ہے کہ کیا ہم اس سانحے سے کوئی عملی سبق سیکھنے کیلئے تیار ہیں؟ 14 معصوم بچوں کی زندگیاں واپس نہیں آ سکتیں اور ان کے والدین اپنے جگر کے ٹکڑوں کو بھی فراموش نہیں کر سکیں گے۔ لیکن ریاست اور اداروں کی ذمہ داری ہے کہ ان معصوم جانوں کی موت صرف ایک خبر بن کر نہ رہ جائے۔ اس سانحے کے بعد اسپتالوں کے حفاظتی نظام کو عالمی معیار کے مطابق بہتر بنانا، غفلت کے ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لانا اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے مستقل اقدامات کرنا ضروری ہے۔ اسپتال زندگی بچانے کی جگہ ہے، موت کا بے رحم منظر نہیں۔ اگر پمز کے اس سانحے کے بعد ملک کے ہر اسپتال میں ایک حفاظتی خامی بھی ختم کر دی جائے اور مستقبل میں کسی ایک معصوم بچے کی زندگی بھی بچائی جا سکے تو یہ ان 14 معصوم جانوں کیلئے ایک چھوٹا مگر اہم قومی خراجِ عقیدت ہوگا۔

جشن آمد رسولؐ تا جدار ختم نبوتؐ کے نعروں کی گونج

ہر سال کی طرح اس سال بھی لاڑکانہ میں 12 ربیع الاول کو مرکزی پاکستان چوک پر اتحادِ اہلسنت لاڑکانہ کے زیر اہتمام عظیم الشان اجتماع و محفلِ میلادِ



تحریر: عبدالفتاح عباسی

مصطفیٰؐ منعقد ہوا، جہاں شہر بھر سے نکلنے والے مرکزی جلوس کا شاندار اختتام ہوا۔ محفل میں علماء کرام، مشائخ عظام، سیاسی و سماجی شخصیات، بلدیاتی نمائندگان، کارکنان اور ہزاروں کی تعداد میں عاشقانِ رسولؐ نے شرکت کی، اس عظیم الشان اجتماع میں فضائیں درود و سلام، نعتِ رسولِ مقبولؐ اور ذکرِ مصطفیٰؐ سے معطر رہیں۔ شرکائے محفل نے بارگاہِ رسالت مآبؐ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے اور حضور نبی کریمؐ کی ولادتِ باسعادت کی خوشی کا اظہار کیا، محفل سے پیر طریقت رہبرِ شریعت حضرت سائیں محمد عبدالغفار المعروف پیر مٹھا ثانی، سجادہ نشین درگاہِ عالیہ رحمت پور شریف، پیر طریقت رہبرِ شریعت حضرت قبلہ سائیں الحاج سید محمد مصطفیٰ شاہ راشدی، سجادہ نشین درگاہ پیر جو گوٹھ، صاحبزادہ محمد معصوم غفاری۔ اتحادِ اہلسنت لاڑکانہ کے صدر مولانا منظور احمد نعیمی، چیئرمین حافظ درمحمد سھڑو حر، جنرل سیکریٹری حافظ شعیب جونیجو، پیر سید مفتی محمد حسن شاہ بخاری، علامہ سید محمد حفیظ اللہ شاہ بخاری، پیر علامہ ڈاکٹر محمد نجم الدین اشرفی نقشبندی، مولانا جنید مصطفیٰ سرھیو، حافظ روشن علی پنھور سمیت دیگر علماء کرام و مشائخ عظام نے خطاب کیا۔ اس موقع پر ڈری ٹاؤن کے نوجوان ھر دلعزیز سیاسی شخصیت چیئرمین شاہ رخ خان سیال، لاڑکانہ کے ایم پی اے جمیل احمد سومرو، میئر لاڑکانہ ایڈووکیٹ انور علی نوازلھر، ایمپائر ٹاؤن چیئرمین وقار احمد بھٹو، وزیر اعلیٰ سندھ کے اسپیشل اسسٹنٹ خیر محمد شیخ اور دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ جبکہ ادارہ الفیضان کے رہنماء مولانا سعید نقشبندی۔ ایڈووکیٹ حافظ منیر احمد قادری، سینئر رائیٹر و کالم نگار عبدالفتاح عباسی، انجمن طلبہ اسلام اے ٹی آئی کے رہنماء محمد بابر غفاری، حافظ گلزار احمد جاگیرانی، جاوید علی ٹنگڑ، پیر سرفراز پیر ذادو، دعوت اسلامی کے ذمہ داران جواد علی عطاری، ڈاکٹر رضوان احمد عطاری، ڈاکٹر عبدالوحید عباسی، بابر علی عباسی، عاشق علی عباسی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھی محفل میں شرکت کی۔ ختمِ نبوتؐ کے تحفظ پر خصوصی خطاب کرتے ہوئے مقررین نے اپنے خطابات میں عقیدہ ختمِ نبوتؐ کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ختمِ نبوت مسلمانوں کے بنیادی اور قطعی عقائد میں سے ہے۔ حضور اکرمؐ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں، آپؐ کے بعد کسی نئے نبی کی گنجائش نہیں۔ مقررین نے حضرت علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی رحمت اللہ علیہ کی ختمِ نبوت کے تحفظ کے لیے تاریخی جدوجہد اور خدمات کو بھی خراجِ عقیدت پیش کیا اور کہا کہ انہوں نے اپنی سیاسی، دینی اور ملی زندگی میں عقیدہ ختمِ نبوت کے تحفظ کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔ مقررین نے کہا کہ علماء و مشائخ اور عوام کو عقیدہ ختمِ نبوت کے تحفظ کے لیے ہمیشہ پُرامن، آئینی اور قانونی جدوجہد جاری رکھنی چاہیے۔ محفل میں سابق وزیراعظم پاکستان قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی اور 1974ء میں قادیانی مسئلے پر پارلیمانی کارروائی اور آئینی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے ان تمام سیاسی و دینی شخصیات اور اراکینِ پارلیمنٹ کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا جنہوں نے اس تاریخی آئینی عمل میں اپنا کردار ادا کیا۔ مقررین نے کہا کہ ختمِ نبوتؐ کا عقیدہ امت کے ایمان کا بنیادی حصہ ہے اور اس کے تحفظ کے لیے آئینی و قانونی جدوجہد پاکستان کی تاریخ کا اہم باب ہے۔ جبکہ سیرتِ مصطفیٰؐ کو اپنانے کا عہد اور مقررین نے کہا کہ جشنِ میلادِ مصطفیٰؐ صرف خوشی منانے کا نام نہیں بلکہ اس موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم اپنی زندگیوں کو حضور نبی کریمؐ کی سیرتِ طیبہ کے مطابق ڈھالیں گے۔ آپؐ نے انسانیت کو محبت، اخوت، عدل، مساوات، برداشت، امن اور حسنِ اخلاق کا درس دیا۔ آج معاشرے میں امن و بھائی چارے کے فروغ کے لیے سیرتِ مصطفیٰؐ کو عام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ مقررین نے نوجوان نسل پر زور دیا کہ وہ حضور اکرمؐ کی سیرتِ مبارکہ کا مطالعہ کریں، قرآن و سنت سے اپنا تعلق مضبوط کریں اور معاشرے میں محبت و رواداری کو فروغ دیں۔ انتظامات اور اتحادِ اہلسنت کی کاوشیں اس عظیم الشان محفل کے مکمل انتظامات حافظ روشن علی پنھور انقلابی، جنرل سیکریٹری جمعیت علمائے پاکستان ضلع لاڑکانہ نے انجام دیے۔ انہوں نے محفل کے انتظامی امور، شرکاء کی سہولت، اسٹیج اور دیگر ضروری انتظامات میں بھرپور کردار ادا کیا۔ اتحادِ اہلسنت لاڑکانہ کی قیادت نے کامیاب اور پُرامن انعقاد پر تمام علماء کرام، مشائخ عظام، سیاسی و سماجی شخصیات، بلدیاتی نمائندگان، کارکنان، انتظامیہ، رضاکاران، نعت خواں حضرات اور بالخصوص ہزاروں کی تعداد میں شرکت کرنے والے عاشقانِ رسولؐ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ اتحادِ اہلسنت لاڑکانہ کے رہنماؤں نے ک

1

کیا۔علماء کرام نے کہا کہ نوجوان نسل کی طرف سے حمد ونعت کے اس پروگرام میں شرکت ومقابلے کا حصہ بننا خوش آئند اقدام ہے۔حمد ونعت کے ذریعے سے عوام میں اللہ تعالیٰ کی عظمت اور محمد ﷺ کی رسالت کو اجاگر کرنا قابل تحسین اقدام ہے اور یہ سلسلہ بہت قدیم ہے۔انہوں نے زور دیا کہ بلوچ حمد ونعت خوان نا صرف اس میدان میں جدوجہد کرکے دین کی خدمت کررہے ہیں بلکہ یہ بلوچی زبان وادب کی بھی خدمت ہے،الفاظ کے چناؤ اور استعمال سمیت حمد ونعت کے اسلوب اظہار اور طرز کو بھی جانچنا ہوگا اور اس میں سنجیدگی اور احترام کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا۔اس موقع پوزیشن ہولڈرز نعت خوانوں میں شیلڈ واعزامات تقسیم کیے گئے جن میں پہلا پوزیشن کبر وارث،دوسری پوزیشن رضوان اسماعیل،جبکہ تیسری پوزیشن بلال منیر اور احسان عبدالقیوم نے حاصل کیا۔اس موقع پر پروگرام کے منصفین نے مولانا ثناء اللہ مری اور مولانا عجاز ملی نجاز کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے پروگرام میں تعاون کیا تھا۔جبکہ پروگرام میں نظامت کے فرائض رژن اسلامی مجلس یکج کے ڈائریکٹر یلان زامرانی،مفتی گلشیر تاج احسنی اور مولانا ظفر اللہ داد نے بہترین انداز میں سرانجام دیئے۔پروگرام میں بلوچ نعت خوان کونسل کے زمہ داران زریاب موسیٰ،عبدالسلام عابد،جہانزیب شاہ،ودیگر بھی موجود تھے۔جبکہ نجر کے فرائض استاد بہار علی بہار،نیاز زبلند ودیگر نے سرانجام دیئے۔

2

کارروائی عمل میں لائی گئی،جبکہ دو ایرانی پٹرول پمپس کو سیل کردیا گیا۔اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے کہا کہ عوام کو معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی اور قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔انہوں نے متعلقہ دکانداروں اور کاروباری افراد کو ہدایت کی کہ وہ حکومتی قوانین اور ضابطوں کی مکمل پابندی کریں،بصورت دیگر سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

3

،باندیکہ،شاہدی،کاٹھوڑ،ڈام سومیانی سمیت صبح سے مختلف علاقوں سے جلوس کی آمد کا سلسلہ شروع ہوا گاڑیوں،موٹر سائیکلوں،رکشوں پر سوار عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ودمر کے فضاء فلک شگاف نعروں سے گونج اٹھی دلدار کی آمد مرحبا آمنہ کے لال کی آمد مرحبا تھی۔انہوں نے کہا کہ آئی سی یو میں ڈاکٹرز اور عملہ موجود تھا،وہاں موجود عملہ ریسکیو کو بلانے کیلئے گیا تاہم آگ بہت تیزی سے پھیلی،اسپتال میں آگ بجھانے کے آلات کام کررہے تھے،پھر اسپتال اپنی صلاحیت سے زیادہ کام کررہا ہے۔دریں اثناء وزیراعظم شہباز شریف نے پمز وہسپتال کی نرسری میں آگ لگنے سے نومولود بچوں کی اموات پر دکھ کا اظہار کیا ہے

10

کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کیلئے استعمال نہ ہو۔ہفتہ وار بریفنگ میں انہوں نے کہا کہ پاکستان 2027 میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) سربراہی اجلاس کی میزبانی کریگا جبکہ پاکستان نے ایک سال کیلئے ایس سی او کی چیئر میں شپ بھی سنبھال لی ہے۔وزیراعظم نے مذاکرات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ بات چیت کی حمایت کی ہے اور ہمیشہ کہا ہے کہ مسائل کا حل مذاکرات کے ذریعے ہونا چاہیے۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی ہمیشہ سے خواہش رہی ہے کہ افغانستان میں امن ہو،افغانستان کے ساتھ ہمارے تجارتی روابط ہیں،افغانستان کے ساتھ ہمارے تاریخی روابط ہیں،ہم افغانستان کے ساتھ تجارت کو بڑھانا چاہتے ہیں،ہم افغانستان کے ساتھ ٹرانزٹ ٹریڈ کو بڑھانا چاہتے ہیں،ہم افغانستان کے ساتھ ہر شعبے میں تعاون

تربت؛نعت خوانی مقابلے میں کیچ واطراف کی مدارس واسکولوں کے طلبہ میں انعامات تقسیم کیا جارہا ہے

تربت:بلوچ نعت خوان کونسل کی طرف سے تربت میں شاندار نعت خوانی مقابلہ

نوجوان نسل کی طرف سے حمد ونعت کے اس پروگرام میں شرکت ومقابلے کا حصہ بننا خوش آئند اقدام ہے

تربت(نامہ نگار)نعت خوانی مقابلے میں کیچ واطراف کی مدارس واسکولوں کے طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کرکے مقابلے میں بھی بھرپور حصہ لیا۔اس موقع کیچ کے جید علماء کراموں شیر مکران مولانا الیاس دلاوری،مفتی زاہد حسین،مفتی مختار حیدر آسیابادی ،مولانا عبدالخالق بلیدی،مولانا عبدالسلام عارف،مفتی ذہیر احمد،ودیگر علماء کرام نے شرکت وخطاب (بقیہ 1 صفحہ 3پر)

سیرتِ طیبہ ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے؛ جاوید اختر جمالی

گنداخہ: (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی خصوصی ہدایت پر عید میلادالنبی حضرت محمد مصطفیٰؐ کے عظیم الشان جلوس کی روانگی سے قبل جلوس کے روٹس پر صفائی ستھرائی، چائنگ اور دیگر ضروری انتظامات مکمل کرلیے گئے۔

پرنسپل سیکرٹری اللہ نذر خان سنجرانی کی ڈاکٹر حامد گل یوسفزئی سے خصوصی ملاقات

ملاقات کے دوران ضلع چاغی کی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

دالبدین(نامہ نگار علی احمد) ڈسٹرکٹ چیئرمین چاغی کے پرنسپل سیکرٹری اللہ نذر خان سنجرانی اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈسٹرکٹ چاغی ظہور شاہ کی یوسفزئی ہاؤس کلی خدائے رحیم دالبدین آمد جہاں پر انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی انفارمیشن سیکرٹری و پیرامیڈیکل اسٹاف کے ضلعی سرپرست اعلیٰ اور ایم پی اے چاغی کے فوکل پرسن ڈاکٹر حامد گل یوسفزئی سے (بقیہ 8 صفحہ 3پر)

دالبدین،نوکنڈی، چاغی اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑیچ فارم ہاؤس میں حاجی عرض محمد بڑیچ سے ملاقات کررہے ہیں

نوکنڈی میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال، شہری عدم تحفظ کا شکار

شاہراہوں اور گلیوں میں کالے شیشوں والی مشکوک گاڑیوں کی آمدورفت اور گشت معمول بنتا جارہا ہے

نوکنڈی (نامہ نگار/ظفر بلوچ) نوکنڈی میں گزشتہ چند ماہ سے امن وامان کی صورتحال مسلسل مخدوش ہوتی جا رہی ہے، جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جارہا ہے۔کسی دور میں پورے بلوچستان کے پرامن شہروں میں شمار ہونے والا نوکنڈی آج چوری، ڈکیتی اور جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کے باعث عدم تحفظ کا شکار دکھائی دے رہا ہے۔مقامی شہریوں کے مطابق بعد از نمازِ مغرب شہر کی مختلف شاہراہوں اور گلیوں میں کالے شیشوں والی مشکوک گاڑیوں کی آمدورفت اور گشت معمول بنتا جارہا ہے، جس کے باعث شہری خصوصاً تاجر، دکاندار اور شریف خاندان شدید خوف میں مبتلا ہیں۔

حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے سمیت دیگر کی ملاقات

دالبدین(نامہ نگار علی احمد) دالبدین ،نوکنڈی ، چاغی اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑیچ فارم ہاؤس امین آباد آمد اور حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے ملاقاتیں مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے دالبدین (بقیہ 7صفحہ 3پر)

نوکنڈی میں جشن عید میلادالنبیؐ جوش وخروش سے منایا گیا

نوکنڈی (نامہ نگار/ظفر بلوچ) دیگر شہروں کی طرح نوکنڈی میں بھی جشن عید میلادالنبیؐ مذہبی جوش و خروش اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ مرکزی جامعہ غوثیہ رضویہ تحصیل روڈ سے جشن میلاد کا جلوس برآمد ہوا جو گلی زور آباد بائی پاس سے گزرتا ہوا شہر کی مختلف گلیوں سے (بقیہ 6صفحہ 3پر)

دالبدین؛حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے دیگر علاقوں کے وفد ملاقات کررہے ہیں

دالبدین ، چاغی ، پوستی اور نوکنڈی سے تعلق رکھنے والے مختلف وفود کی بڑیچ فارم ہاؤس امین آباد آمد

مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے ملاقات کی

دالبدین (نامہ نگار علی احمد) دالبدین ، چاغی، پوستی اور نوکنڈی سے تعلق رکھنے والے مختلف وفود کی بڑیچ فارم ہاؤس امین آباد آمد۔ جہاں پر انہوں نے مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے ملاقات کی۔اس موقع پر مختلف علاقائی اور سیاسی امور سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا نوراحمد بلوچ ،محمد ابراہیم بڑیچ ،نوراحمد محمد حسنی ، چیف آف ریکوڈک ملک لیاقت محمد زئی ، ملک سعید محمد زئی ،عبدالستار بلوچ سمیت دیگر بھی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے

جعفرآباد؛ درگاہِ عالیہ غوثیہ القادریہ قیدی شاخ سے ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی

شرکاء نے جشنِ عید میلادالنبیؐ کی خوشی میں بھرپور عقیدت ومحبت کا اظہار کیا

جعفرآباد(نامہ نگار مقصود احمد مہر) ڈیرہ اللہ یار کے نزدیک قیدی شاخ پر جشنِ عید میلادالنبیؐ کی مناسبت سے درگاہِ عالیہ غوثیہ القادریہ قیدی شاخ سے ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت درگاہِ عالیہ غوثیہ القادریہ کے گدی نشین کے صاحبزادے سید باقر (بقیہ 37 صفحہ 3پر)

لورالائی ایرانی پیٹرول پمپس، تندور اور گوشت کی دکانوں کے خلاف کارروائی، پمپس سیل

حکومتی قوانین اور ضابطوں کی مکمل پابندی کریں، بصورت دیگر سخت کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا

عوام کو معیاری اشیائے خورونوش کی فراہمی اور قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی‘ اسسٹنٹ کمشنر

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں)ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی سربراہی میں ایرانی پٹرول پمپس ، تندور اور گوشت و مٹن کی دکانوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔کارروائی کے دوران مختلف مقامات پر پٹرول پمپس ،تنوروں اور گوشت کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف (بقیہ 2صفحہ 3پر)

وندر میں عید میلادالنبیؐ کے جلوسوں نے کئی سابقہ ریکارڈ توڑ دیئے

عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر سڑکوں پر امڈ آیا حد نگاہ دور دور تک سر ہی سر نظر آرہے تھے

سونمیانی وندر(نمائندہ بلوچستان آبزرور)وندر میں عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلوسوں نے کئی سابقہ ریکارڈ توڑ دیئے عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر سڑکوں پر امڈ آیا حد نگاہ دور دور تک سر ہی سر نظر آرہے تھے جامع مسجد ابوبکر صدیق سے مرکزی جلوس نکالا گیا ٹریکٹر ریلی دیکھنے کیلئے دکانداران شاپس کی چوکھٹ پر کھڑے دیکھے گئے۔ حسن ہوٹل (بقیہ 3صفحہ 2پر)

جیکب آباد میں 32 جلوسوں کی سیکیورٹی کیلئے 2100 سے زائد اہلکار تعینات

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جیکب آباد: عیدمیلادالنبیؐ کے مبارک موقع پر جیکب آباد پولیس کی جانب سے ضلع بھر میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی اور ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی نے درگاہ سید عبدالنبی شاہ مسجد پہنچ کر مرکزی جلوس میں شرکت کی

وندر؛جشن عیدمیلادالنبیؐ کے موقع پر وندر میں اہلسنگ بریلوی دعوت اسلامی کے زیراہتمام جلوسوں میں علماء کرام سائیں نزیر احمد مگسی مولانا محمد اکرم مدنی ودیگر خطاب کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب ٹریکٹر رکشوں موٹر سائیکلوں پر جلوس نکالے جارہے ہیں

چاغی، پوستی اور نوکنڈی سے تعلق رکھنے والے مختلف وفود کی بڑیچ فارم ہاؤس امین آباد آمد

دالبدین (نامہ نگار) چاغی ، پوستی اور نوکنڈی سے تعلق رکھنے والے مختلف وفود کی بڑیچ فارم ہاؤس امین آباد آمد۔ جہاں پر انہوں نے مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر وعوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ سے ملاقات کی۔اس موقع پر مختلف علاقائی اور سیاسی امور سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

وارڈ نمبر 23 کے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا‘ نعیم خان عمرانی

بلدیاتی نمائندگی محض عہدہ نہیں بلکہ عوام کی امانت اور ایک بڑی ذمہ داری ہے،

گنداخہ (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے جنرل سیکرٹری اور نومنتخب جنرل کونسلر وارڈ نمبر 23 میر نعیم خان عمرانی نے بلدیاتی انتخابات میں بلا مقابلہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد اپنے عہدے کا حلف اٹھالیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری نے ان سے جنرل کونسلر کے عہدے کا حلف لیا۔حلف برداری کے موقع پر میر شاہنواز خان عمرانی، بابو قربان دایہ سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے، حلف اٹھانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میر نعیم خان (بقیہ 42 صفحہ 3پر)

آپ کی پوری زندگی ہمارے لئے مشعل راہ ہے‘ رئیس اللہ ڈنہ منگریو

جعفرآباد(نامہ نگار مقصود احمد مہر) جعفرآباد کے ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار میں 12 ربیع الاول کے بابرکت موقع پر منعقدہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے رئیس اللہ ڈنہ منگریو مرکزی نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان نے کہا آج ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگیوں کو سیرت مصطفیٰؐ کے سانچے میں ڈھالیں۔

جیکب آباد: جلوسِ نعت واکرامِ ملازمین: جمس ہاسپٹل جیکب آباد میں 12 ربیع الاول کی پُروقار اور بابرکت تقریب

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جیکب آباد: آمدِ مصطفیٰؐ کے مبارک موقع پر انٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (جمس ہاسپٹل) میں ایک پرانوار اور پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔حضور اکرم کی تعلیمات اخوت ومساوات کی روشنی میں منعقدہ اس روحانی محفل (بقیہ 44 صفحہ 3پر)

اظہار تعزیت

چاغی (نامہ نگار) چاغی کی جانی پہچانی، نوجوان سیاسی سماجی شخصیت اور یونین کونسل پدگی چاغی کے چیئرمین سید شجاعت حسین شاہ نے اپنے جاری کردہ ایک تعزیتی بیان میں (بقیہ 45 صفحہ 3پر)

نصیرآباد ،منجھو شوری میں بھی 12 ربیع الاول عیدمیلادالنبیؐ کے سلسلے میں ریلی

منجھو شوری شہر کے تمام داخلی اور خارجی راستوں کو مکمل طور پر سیل کرکے سکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے

نصیرآباد (نامہ نگار راضی بلوچ) جشن میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشیاں بڑے جوش وخروش اور عقیدت واحترام سے منایا گیا منجھو شوری شہر کے تمام داخلی اور خارجی راستوں کو مکمل طور پر سیل کرکے سکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے مین بازار قومی شاہراہ پر متبادل روٹ ترتیب کرکے بازار داخلے پر تمام لنک سڑکوں سے کسی بھی قسم کی گاڑیوں اور موٹر سائیکل کے (بقیہ 43 صفحہ 3پر)

جشن میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشیاں بڑے جوش وخروش اور عقیدت واحترام سے منایا جارہا ہے

شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے زیر اہتمام سیرت النبی کانفرنس کوئٹہ کا انعقاد

موجودہ دور کے معاشرتی مسائل، اخلاقی کمزوریوں اور باہمی اختلافات کا مؤثر حل سیرت طیبہ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں ہے‘ مقررین

کوئٹہ (سٹی رپورٹ) شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے زیر اہتمام سیرت النبیؐ کانفرنس کا انعقاد کاکوزئی ہاؤس شاہ کشاہ روڈ کوئٹہ میں ہوا جس میں فورم کے عہدیداران اور اہل علم وقلم نے شرکت کی۔تقریب کا آغاز حافظ سعید اللہ کے تلاوتِ قرآن مجید سے ہوا۔تقریب سے شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے مرکزی صدر و سابق ممبر بلوچستان پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی، جنرل سیکرٹری غلام محمد مخلص، نائب صدور شفیع اللہ بلوچ، راز محمد گل ترین، محمد خان اچکزئی اور مرکزی (بقیہ 46 صفحہ 3پر)

لورالائی کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نئی سمت، چار روزہ عملی تربیت کا کامیاب انعقاد

ملازمت کے حصول کیلئے کی وی میں تعلیمی قابلیت، مہارتوں، تجربے اور دیگر متعلقہ معلومات کو مناسب اور مؤثر انداز میں پیش کرنا ضروری ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی میں بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کی علمی، عملی، پیشہ ورانہ اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کیلئے تیار کرنے کے مقصد سے چار روزہ تربیتی پروگرام کا کامیابی سے منعقد ہوا۔تربیتی پروگرام میں 35 سے زائد طلبہ اور 28 سے زائد طالبات سمیت مجموعی طور پر 63 سے (بقیہ 48 صفحہ 3پر)

ڈیرہ اللہ یار: جشنِ عید میلادالنبیؐ کے سلسلے میں جعفرآباد کے ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار میں عظیم الشان ریلی

مختلف مقامات پر جلوس کا پرتپاک استقبال بھی کیا گیا۔بعد ازاں تمام ریلیاں بلال اسٹیڈیم پہنچیں،

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) ڈیرہ اللہ یار: جشنِ عید میلادالنبیؐ کے سلسلے میں جعفرآباد کے ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار میں عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جو بخاری ہاؤس سے شروع ہوکر ٹی چوک، سبحت پور چوک اور اوستہ محمد چوک سے ہوتی ہوئی بلال اسٹیڈیم پہنچی، جہاں سالانہ جلسہ میلادالنبیؐ کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی اور سالانہ جلسہ پیر طریقت، رہبرِ شریعت حضرت علامہ مولانا محسن شاہ (بقیہ 49 صفحہ 3پر)

کندھ کوٹ محکمہ خوراک میں اربوں روپے کی خورد برد کے کیس میں اینٹی کرپشن ٹیم کی کارروائی

کندھ کوٹ اینٹی کرپشن ٹیم نے محکمہ فوڈ کے سابق سپروائزر ندیم شیخ کو کرپشن کیس میں گرفتار کرلیا

کندھ کوٹ (خصوصی رپورٹ/عبدالرزاق آزاد) کندھ کوٹ محکمہ خوراک میں اربوں روپے کی خورد برد کے کیس میں اینٹی کرپشن ٹیم کی کارروائی میں سابق سپروائزر ندیم شیخ کو گرفتار کرلیا گیا کیس میں مزید ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مار کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے تفصیلات کے مطابق؛ کندھ کوٹ اینٹی کرپشن ٹیم نے محکمہ فوڈ کے سابق سپروائزر ندیم شیخ کو کرپشن کیس میں گرفتار کرلیا اس حوالے سے موصول ہونے والی معلومات کے مطابق 2023 اور 2024 میں محکمہ (بقیہ 47 صفحہ 3پر)

لورالائی کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نئی سمت، چار روزہ عملی تربیت کا کامیاب انعقاد

ملازمت کے حصول کیلئے کی وی میں تعلیمی قابلیت، مہارتوں، تجربے اور دیگر متعلقہ معلومات کو مناسب اور مؤثر انداز میں پیش کرنا ضروری ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی میں بلوچستان یوتھ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کی علمی، عملی، پیشہ ورانہ اور قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کیلئے تیار کرنے کے مقصد سے چار روزہ تربیتی پروگرام کا کامیابی سے منعقد ہوا۔تربیتی پروگرام میں 35 سے زائد طلبہ اور 28 سے زائد طالبات سمیت مجموعی طور پر 63 سے (بقیہ 48 صفحہ 3پر)

ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو تمغہ امتیاز ملنا جامعہ لورالائی اور بلوچستان کیلئے تاریخی اعزاز ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو صدرِ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے ملک کے اعلیٰ سول (بقیہ 50 صفحہ 3پر)

جماعت اصلاح المسلمین وروحانی طلبہ جماعت نوڈیرو کی جانب سے جشن عید میلادالنبی محفل نعت

نوڈیرو (رپورٹ:عابد بھٹو) جماعت اصلاح المسلمین وروحانی طلبہ جماعت نوڈیرو کی جانب سے جشن عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم محفل نعت کا جلسہ اُمصطفی عید گاہ نوڈیرو میں خلیفہ سلطان احمد چنہ کی صدارت میں ہوا جس میں محمد بخش جونیجو طاہری، حافظ برکت (بقیہ 51 صفحہ 3پر)

ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو تمغہ امتیاز ملنا جامعہ لورالائی اور بلوچستان کیلئے تاریخی اعزاز ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو صدرِ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے ملک کے اعلیٰ سول (بقیہ 50 صفحہ 3پر)

جماعت اصلاح المسلمین وروحانی طلبہ جماعت نوڈیرو کی جانب سے جشن عید میلادالنبی محفل نعت

نوڈیرو (رپورٹ:عابد بھٹو) جماعت اصلاح المسلمین وروحانی طلبہ جماعت نوڈیرو کی جانب سے جشن عید میلادالنبی صلی اللہ علیہ وسلم محفل نعت کا جلسہ اُمصطفی عید گاہ نوڈیرو میں خلیفہ سلطان احمد چنہ کی صدارت میں ہوا جس میں محمد بخش جونیجو طاہری، حافظ برکت (بقیہ 51 صفحہ 3پر)

گنداخہ کے تمام وارڈز میں بلاامتیاز ترقیاتی وفلاحی کاموں کا فروغ اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

تمام شہریوں کو یکساں سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا عملی بنیادوں پر ازالہ یقینی بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں

گنداخہ(نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ گنداخہ شہر کی تعمیر وترقی، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تمام وارڈز میں بلاامتیاز فلاحی وعوامی منصوبوں کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔میونسپل کمیٹی کی حدود میں رہنے والے تمام شہریوں کو یکساں سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا عملی بنیادوں پر ازالہ یقینی بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں،ان خیالات کا اظہار چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ (بقیہ 66 صفحہ 3پر)

بلوچستان میڈیا فورم کا آج یوم سیاہ منانے کا اعلان

پریس کلبز پر سیاہ پرچم لہرانے کی اپیل، آزادی صحافت کے تحفظ کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے، قیوم بلوچ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کا اہم اجلاس صدر قیوم بلوچ کی زیرصدارت واٹس ایپ لنک کے ذریعے منعقد ہوا، جس میں سبی، بختیار آباد، بھاگ، مچھ بولان، صحبت پور، ڈیرہ مراد جمالی اور بلوچستان کے دیگر علاقوں سے فورم کے مرکزی و ڈویژنل عہدیداران، اراکین سینٹرل کمیٹی اور صحافیوں نے شرکت کی۔اجلاس میں سیکرٹری جنرل اللہ داد رند، سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی، نائب صدور ندیم بابر مغل، رمضان بھٹو، سلطان کرد اور فرید اللہ شیخ، ڈپٹی سیکرٹری (بقیہ 4صفحہ 3پر)

گنداخہ کے تمام وارڈز میں بلاامتیاز ترقیاتی وفلاحی کاموں کا فروغ اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

تمام شہریوں کو یکساں سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا عملی بنیادوں پر ازالہ یقینی بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں

گنداخہ(نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ گنداخہ شہر کی تعمیر وترقی، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تمام وارڈز میں بلاامتیاز فلاحی وعوامی منصوبوں کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔میونسپل کمیٹی کی حدود میں رہنے والے تمام شہریوں کو یکساں سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا عملی بنیادوں پر ازالہ یقینی بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جارہے ہیں،ان خیالات کا اظہار چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ (بقیہ 66 صفحہ 3پر)

عوامی خدمت کسی سیاسی، ذاتی یا علاقائی تفریق کے بغیر جاری رکھی جائے گی

گنداخہ(نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ گنداخہ شہر کی تعمیر وترقی، شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تمام وارڈز میں بلاامتیاز فلاحی وعوامی منصوبوں کا فروغ ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔میونسپل کمیٹی

طالبعلم کی بحفاظت بازیابی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں‘ محمد ہاشم اتمانخیل

ایک طالبعلم کا اغواء انتہائی تشویشناک اور افسوسناک واقعہ ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) بلوچستان نیشنل پارٹی لورالائی کے ضلعی آرگنائزر محمد ہاشم خان اتمانخیل نے ژوب کے طالبعلم بریال خان مندوخیل کے اغواء کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ طالبعلم کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے کہا کہ ایک (بقیہ 65 صفحہ 3پر)

جعفرآباد؛ پرائمری سطح پر مبتھ کے حوالے سے خصوصی تربیتی سیشن

جعفرآباد(نامہ نگار مقصود احمد مہر) جعفرآباد کے ہیڈکوارٹر ڈیرہ اللہ یار میں 12 ربیع الاول کے سینئر آفیسر کو تعینات کیا جائے مشنر کہ بیان

ڈیرہ بگٹی؛ جشنِ عید میلادالنبیؐ کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی پلاننگ سے متعلق اہم اجلاس

اجلاس میں اہم فیصلے وانتظامی ہدایات جاری کی گئی 12 ربیع الاول کے مرکزی جلوس کے طے شدہ روٹس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر سوئی سید منصور علی شاہ کی زیرِ صدارت 12 ربیع الاول (جشنِ عید میلادالنبیؐ) کے مبارک موقع پر فول پروف سیکیورٹی پلاننگ اور انتظامی ترتیبات سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں دعوتِ اسلامی کے نمائندے، تحریک لبیک کے نمائندے، انجمن تاجران کے اراکین ایس ایچ او پولیس، اسسٹنٹ مینیجر (اے ایم) (بقیہ 61 صفحہ 3پر)

جعفرآباد؛ جشنِ عید میلادالنبیؐ کے موقع پر پُرامن ماحول کو یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا اجلاس

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر، ایس ایس پی، اسسٹنٹ کمشنر، ایس ڈی پی او، ریسکیو اور ہیلتھ حکام کی شرکت

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) جعفرآباد میں جشنِ عید میلادالنبیؐ کے موقع پر امن وامان کی صورتحال کو یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر جعفرآباد محمد ہاشم اتمانخیل، اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم، ایس ایس پی جعفرآباد کیپٹن (ر) فیضان علی، ایس ڈی پی او لورالائی ڈاکٹر عبدالرحمان، ایس ڈی پی او جعفرآباد ڈاکٹر عبدالرحمان، ایس ڈی پی او صحبت پور ڈاکٹر عبدالرحمان، ایس ڈی پی او ڈیرہ مراد جمالی ڈاکٹر عبدالرحمان، ایس ڈی پی او ڈیرہ اللہ یار